خطبات خواجہ شمس الدین عظیمی

ACD 76

Track - 5

3:18

''مرنے کے بعد انسان عالم اعراف میں کس طرح منتقل ہوتا ہے؟''

یہ اورا اور روح جو ہے یہ تو میں نے پہلے بھی کئی دفعہ سوالات ہوچکے ہیں کہ روح جو ہے روح تو اسے بھی کہتے ہیں کہ مثلاً آدمی سوگیا اب جسم یہاں پڑا ہوا ہے اور وہ آدمی لندن پہنچا ہوا ہے، امریکہ پہنچا ہوا ہے، مکّہ پہنچا ہوا ہے، مدینہ پہنچا ہوا ہے۔ تو اس پہنچنے کو یہ کہا جاتا ہے بھئی کہ ہماری روح مکّہ پہنچ گئی، مدینہ پہنچ گئی، وہاں پہنچ گئی۔ اور پھر وہ روح آبھی جاتی ہے۔ جب آدمی بیدار ہوتا ہے روح پھر واپس آجاتی ہے۔ تواصل میں روحانی علوم جب تک کہ عام نہیں ہو اور جب تک روحانی علوم کی بنیاد جو اللہ نے رکھی ہے وہ سامنے نہیں آئے گی اس وقت تک یہ معاملہ حل نہیں ہوگا۔ روح سے مراد یہ ہے کہ ہر وہ چیز روح ہے ، ہر وہ چیز روح کہلاتی ہے کہ جو اس جسم سے ہٹ کر ماوراء ہو یعنی اس جسم کی طرح ماورائی جسم وہ روشنی کا ہو، وہ نور کا ہو اس کو روح کہا جاتا ہے۔ لیکن فی الواقع روح کیا ہے وہ تو بالکل الگ چیز ہے۔ روحانی نقطہء نظر سے یہ بتایا جاتا ہے کہ جو روح ہے اس روح کے اندر اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو ظاہر کرنے کے لئے ایسی صلاحیت رکھی ہے کہ روح مختلف روپ دھارتی رہتی ہے۔ اور وہ روپ جو ہے یہ بتایا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نظر کھولے تو دکھایا بھی جاتا ہے کہ روح جو ہے اصل روح جو ہے جس کی تشریح جو ہے اتنے مختصر لفظوں میں نہیں کی جاسکتی اصل روح کے اوپر ستر ہزار پرت ہوتے ہیں۔ اور ہر پرت ایک جسم ہوتا ہے۔ اب وہ ستر ہزار پرت کس طرح ہے کیا ہے تو اس میں یہ جو ایک مادی جسم ہے گوشت پوست کا یہ بیٹھا ہے یہ بھی ایک روح کا پرت ہے۔ اسی صورت سے اس جسم کو جس پرت نے سنبھالا ہوا ہے اسے جسم مثالی کہہ لیں آپ ، ہمزاد کہہ لیں ، اورا کہہ لیں، وہ بھی روح کا ایک پرت ہے۔ تو پرت کہاں گیا۔ وہ یہیں رہتا ہے جس طرح یہ جسم یہاں رہتا ہے۔ اور روح تو جہاں رہتی ہے وہ تو اللہ کو پتہ ہے یا ان لوگوں کو پتہ ہے جنہیں اللہ بتادیتا ہے۔ بہرحال روح کے ستر ہزار پرت ہوتے ہیں ۔ اور ہر پرت ایک شکل و صورت رکھتی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ یہ انسان ہی کی ایک شکل ہے نہیں وہ ستر ہزار پرت جو روح کے اوپر ہیں وہ ہر پرت ایک مجسم ، پورا کا پورا انسان ہے۔ اور اسی طرح اس کی آنکھ بھی ہے، ناک بھی ہے، کان بھی ہے اور وہ ستر ہزار پرت جو ہے ایکٹیو ہے۔ یعنی ان کے جذبات بھی ہیں، احساسات بھی ہیں۔ تو یہ ذرا معاملہ لمبا ہوجائے گا بہرحال

روح جو و تو جاں بھی رتی و الگ مسئل عالم اعراف میں جو
 و روح کا جو پرت و منتقل وتا جس کو آپ اورا بھی کت یں
★★★★★